فیصل آباد بورڈ

اسلامیات (گروپ۔فرسٹ) (انشائیہ)

وقت: 1:45 منٹ (نیو کورس 2023 سالانہ) کل نمبر: 40

حصہ اول

ہدایات: حصہ اول یعنی سوال نمبر 2 اور سوال نمبر 3 میں سے ہر سوال کے (6-6) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ جبکہ حصہ دوم لازمی ہے۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

حصہ اول

سوال نمبر 2۔ کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (6x2=12)

1۔ قرآن مجید کے قیامت تک کے لئے محفوظ ہونے کی دو وجوہات بیان کیجیے۔

2۔ مسجد میں باجماعت نماز ادا کرنے کے دو معاشرتی فوائد بیان کیجیے۔

3۔ روزے کے کوئی سے دو معاشرتی فوائد تحریر کیجیے۔

4۔ شرک کا معنی اور اس کی دو اقسام لکھیے۔

5۔ فتح مکہ کی دو وجوہات لکھیے۔

6۔ وادی حنین کے دو طاقتور قبائل کے نام لکھیے۔

7۔ عام الوفود کا معنی اور ایک وفد کا نام لکھیے۔

8۔ امانت کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

9۔ تکبر کی دو اقسام بیان کیجیے۔

سوال نمبر 3۔ کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (6x2=12)

1۔ خود اعتمادی کے حوالے سے قرآن مجید کی ایک آیت لکھیے۔

2۔ کن دو چیزوں کو نبی کریم خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے بڑی نعمت قرار دیا ہے؟

3۔ جھوٹی قسم کے دو نقصانات تحریر کیجیے۔

4۔ سچی گواہی کے کوئی سے دو اثرات تحریر کیجیے۔

5۔ ہمسایوں کے حقوق کے دو معاشرتی اثرات تحریر کیجیے۔

6۔ حضرت عمرو بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

7۔ حضرت اُم عطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا خاندانی تعارف تحریر کیجیے۔

8۔ حضرت نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے کوئی سے دو ملفوظات تحریر کیجیے۔

9۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی سے دو تصانیف کے نام تحریر کیجیے۔

حصہ دوم

سوال نمبر 4۔ درج ذیل قرآنی آیات میں سے دو کا ترجمہ کریں۔ (4+4=8)

1۔ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اہل بیت سے محبت اور علم و فضل کے بارے میں تحریر لکھیے۔

2۔ حضرت شفا بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت و کردار تحریر کیجیے۔

3۔ خود اعتمادی و خود انحصاری کس طرح انسان کو ترقی یافتہ بناتی ہے؟

سوال نمبر 5۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ اور تشریح کیجیے۔ (1+2=3)

اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَخِيَارُهُمْ خِيَارُهُمْ لِنِسَائِهِمْ

سوال نمبر 6۔ ایمان بالملائکہ پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجیے۔

یا

روزہ کے انسانی زندگی پر پانچ اثرات تحریر کیجیے۔

www.ilmkidunya.com